وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا

# محفوظات کا آسان نصاب

از

مولانا اسماعیل صاحب کاپودروی (دامت برکاتہم)

مفتی محمود صاحب باڑدولی (دامت برکاتہم)

ناشر

نورانی مکاتب

www.nooranimakatib.com

## تفصیلات


| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | محفوظات کا آسان نصاب |
| از | : | مولانا اسماعیل صاحب کاپودروی و مفتی محمود صاحب بارڈولی |
| ناشر | : | نورانی مکاتب |
| صفحات | : | 80 |
| تصحیح شدہ تیسرا جدید ایڈیشن | : | ربیع الثانی ۱۴۴۳ھ نومبر ۲۰۲۱ء |


## ملنے کے پتے


| | |
|---|---|
| آفس محمود نگر، ڈابھیل | 8140902756, 9909033145, 9924915118 |
| مدرسہ گلشنِ خدیجۃ الکبریٰ، اون، سورت | 9714814566..9898371086 |
| دارالمکاتب کاپودرا، انکلیشور، بھروچ | 9712005458..9824289750 |
| مولانا صدیق احمد ابن مفتی محمود صاحب حافظ جی، مدرسہ فاطمۃ الزہراء، دیسائی نگر، مریم مسجد، بارڈولی، سورت، گجرات | 8140238304 |
| مولانا بلال صاحب گودھرا، پنچ محل | 9726293096 |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلّی علی رسولہ الکریم، أمّا بعد!

بچوں کو اسلام کے کلمات اور نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں اور قرآن اور حدیث میں آئی ہوئی دعائیں زبانی کرانا چاہیے۔

بچے سنا ہوا یاد کرتے ہیں اور سننے میں غلطی کی وجہ سے انھیں غلط الفاظ یاد ہو جاتے ہیں؛ بلکہ اکثر دیکھا کہ بچے کلمات اور نماز میں پڑھی جانے والی چیزوں میں بہت کھلی غلطی کرتے ہیں؛ اس لیے ان چیزوں کا صحیح یاد کروانا بہت ضروری ہے۔

بعض اساتذہ موقع ومحل کی دعائیں کاپی میں لکھواتے ہیں اور بچے گجراتی زبان میں لکھتے ہیں جس سے چیزیں تو یاد ہو جاتی ہیں؛ لیکن اس میں صحیح اور غلط کی تمیز نہیں رہتی اور یہ غلطی زندگی بھر رہتی ہے؛ اس وجہ سے طلبہ اور اساتذہ کی آسانی کے لیے ایک نصاب تیار کیا ہے جس میں سات بنیادی عنوان ہیں:

① اسلام کے کلمات۔

② نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں (وظائفِ نماز)

③ سورتیں یاد کرنا (حفظِ سور)۔

④ مسنون دعائیں۔

⑤ مسنون کلمات۔

⑥ حدیثیں۔

⑦ اسمائے حسنیٰ۔

اِس نصاب کا نام ''محفوظات کا آسان نصاب'' ہے، اساتذۂ کرام سے گذارش ہے کہ پہلے کتاب کے اندر سے اسلام کے کلمات اور نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں اور دعائیں صحیح پڑھائیں اور وقف کی نشانیوں کی رعایت کرتے ہوئے پہلے اندر سے سنیں، پھر زبانی یاد کرائیں، یہ دعائیں بچے ان شاء اللہ تعالیٰ! زندگی بھر پڑھیں گے اور آپ کے لیے صدقۂ جاریہ ثابت ہوگا۔

یہ کتاب عوام کے لیے بھی اتنی ہی مفید ہے جتنی مکتب کے بچوں کے لیے ہے؛ اس لیے اس کتاب سے ان کو بھی استفادہ کرنا چاہیے۔

## ضروری ہدایات

① ہفتہ میں ایک روز نماز کی عملی مشق کرائیں۔ موقع موقع سے بچوں کے پاس وضو بھی عملاً کرانا چاہیے اور استاذ صاحب خود بھی وضو کر کے بتلائیں۔

② اسکول کی چھٹیوں میں مکتب کا تعلیمی وقت آدھا یا ایک گھنٹہ بڑھا کر عملی مشق کرائیں۔

③ اس کتاب میں آئی ہوئی تمام چیزوں کو بار بار رٹایا جائے اور یاد کرایا جائے؛ چونکہ زندگی بھر اس کو عمل میں لانا ہے۔

## نئے ایڈیشن میں کام کی نوعیت

① محفوظات کا مطلب: قرآن وحدیث کے وہ مبارک الفاظ وکلمات جن کا لفظ بہ لفظ یاد کرنا ضروری ہے؛ لہٰذا ان تمام کلمات اور احادیث کی تخریج کی گئی۔

② تصحیح کا حتی الامکان اہتمام کیا گیا۔

۳ ترجمہ بڑھایا گیا۔

نوٹ: مدرسین حضرات ترجمہ زبانی یاد نہ کرائیں، صرف ترجمہ سمجھادیں؛ اس لیے کہ ان مبارک کلمات کا ترجمہ ذہن میں ہوگا تو ان کلمات اور دعاؤں کے پڑھنے میں اللہ کی طرف انابت بھی بڑھے گی اور مانگنے میں دھیان رہے گا۔

۴ کچھ باتیں اس نصاب سے کم کردی گئی ہیں؛ تاکہ یہ نصاب بچوں کے لیے یاد کرنا آسان ہو۔

## شکریہ

اِس کتاب کی تیاری میں اللہ کے جن بندوں نے جس طرح کا بھی تعاون کیا اللہ تعالیٰ ان سب کو جزائے خیر عطا فرمائے، ہم سب کے لیے صدقۂ جاریہ بنائے؛ خصوصاً حسبِ ذیل حضرات ہیں:

۱ حضرت مولانا مفتی توصیف صاحب ابن حاجی شکیل، استاذِ حدیث وناظمِ حسابیات: مدرسہ خدیجۃ الکبریٰ وگلشن احمد ٹرسٹ ورکن: تعلیمی کمیٹی نورانی مکاتب۔

۲ حضرت مولانا مفتی شکیل صاحب، استاذِ حدیث وناظم: مدرسہ خدیجۃ الکبریٰ، اون، سورت ورکن: تعلیمی کمیٹی نورانی مکاتب۔

۳ حضرت مولانا عمران چانکی صاحب، صدر: ایکتا ایجوکیشن اینڈ چیری ٹیبل ٹرسٹ، پنچ محل، گودھرا، ومعاون: شعبۂ نشر واشاعت نورانی مکاتب، ورکن: تعلیمی کمیٹی نورانی مکاتب۔

④ حضرت مولانا آصف صاحب سورتی، معاون: گلشنِ احمد ٹرسٹ سورت ورکن: تعلیمی کمیٹی نورانی مکاتب۔

⑤ حضرت مولانا ساجد صاحب، معاونِ خاص: سوجترا ازون، ورکن: تعلیمی کمیٹی نورانی مکاتب۔

⑥ حضرت مولانا بلال صاحب گودھرا، معاون: ایکتا ایجوکیشن اینڈ چیری ٹیبل ٹرسٹ، پنچ محل، گودھرا، ورکن: تعلیمی کمیٹی نورانی مکاتب۔

⑦ حضرت مولانا یاسین صاحب، معاون: خدمت خلق مسلم چیری ٹیبل ٹرسٹ شہرا، ورکن: تعلیمی کمیٹی نورانی مکاتب۔

⑧ حضرت مولانا بلال صاحب (اون، سورت) معاون: گلشنِ احمد ٹرسٹ سورت ورکن: تعلیمی کمیٹی نورانی مکاتب۔

اور دوسرے تمام حضرات کو اللہ جزائے خیر عطا فرمائے۔

(حضرت مولانا) اسماعیل احمد لولات کاپودروی (دامت برکاتہم)
استاذِ حدیث: جامعہ قاسمیہ کھروڈ ورکنِ شوریٰ و تعلیمی صدر: نورانی مکاتب

(حضرت مولانا مفتی) محمود حافظجی (دامت برکاتہم)
استاذِ تفسیر وحدیث: جامعہ اسلامیہ تعلیم الدین ڈابھیل
وخادمِ حدیث شریف: جامعہ دار الاحسان بارڈولی
ویکے از بانیان وسر پرستِ اعلی: نورانی مکاتب

# محفوظات کا آسان نصاب (مختصر فہرست)

## روضۃ الاطفال (صفحہ:13 سے صفحہ:16)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | پہلا کلمہ ترجمہ کے ساتھ |
| ۶/مسنون دعائیں | (۱) کھانے سے پہلے کی (۲) شروع میں دعا بھول جائے تو (۳) کھانے کے بعد کی (۴) دودھ پینے کی (۵) سونے سے پہلے کی (۶) سوکر اٹھنے کی۔ |
| مناجات | لب پہ آتی ہے دعا |

## جماعت: (۱) بچوں کا تحفہ: اول (صفحہ:17 سے:20)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | دوسرا کلمہ ترجمہ کے ساتھ |
| ۷/مسنون دعائیں | (۷) دعوت کھانے کے بعد کی (۸) پانی پینے کی (۹) پانی پینے کے بعد کی (۱۰) بیت الخلا میں جانے کی (۱۱) بیت الخلا سے نکلنے کی (۱۲) مسجد میں داخل ہونے کی (۱۳) مسجد سے باہر نکلنے کی۔ |
| ۵/حدیثیں | ۱/سے ۵۔ |
| حمد | شکر ہو تیرا کیسے ادا! |

## جماعت: (۲) بچوں کا تحفہ: ثانی (صفحہ:21 سے ص:26)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | تیسرا کلمہ ترجمہ کے ساتھ |

| | |
|---|---|
| ۹/مسنون دعائیں | (۱۴)افطار کی (۱۵)افطار کے بعد کی (۱۶)دستر خوان بچھانے کی (۱۷)دستر خوان اٹھانے کی (۱۸)وضو سے پہلے کی (۱۹)وضو کے درمیان کی (۲۰)وضو کے بعد کی (۲۱)اذان سنے تو پڑھیں (۲۲) اذان کے بعد کی دعا۔ |
| ۵/حدیثیں | ۶/سے ۱۰۔ |
| دعا | اے دنیا کے باغ کے مالی! |
| **جماعت نمبر:(۳)پارہ عمّ** (صفحہ:27سے:33) | |
| اسلام کے کلمات | چوتھا کلمہ ترجمہ کے ساتھ۔ |
| ۹/مسنون دعائیں | (۲۳)سونے کی دوسری دعا(۲۴)رات کو گھبرا کر آنکھ کھل جائے تو(۲۵) گھر سے نکلنے کی (۲۶) گھر میں داخل ہونے کی (۲۷) سفر کا ارادہ کرتے وقت (۲۸) سوار ہوتے وقت اور سوار ہو جانے کے بعد کی (۲۹)منزل پر پہنچنے کی (۳۰)سفر سے واپسی کی (۳۱) کسی کو روانہ کرنے کی دعا۔ |
| ۵/مسنون کلمات | ۱/سے ۵۔ |
| ۶/حدیثیں | ۱۱/سے ۱۶۔ |
| ۶/سورتیں | سورۃ الفاتحۃ اور سورۃ الناس سے سورۃ النصر تک۔ |
| حمد | میں نے تمھیں دیکھا ہے |

## جماعت: (۴) (۱ر سے ۳ر پارہ) (ص:35 سے ص:44)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | پانچواں کلمہ ترجمہ کے ساتھ۔ |
| نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں | ثنا، تعوذ، تسمیہ، رکوع کی تسبیح، تسمیع، قومہ کی تحمید، جلسہ کی دعا، تشہد۔ |
| ۷ر مسنون دعائیں | (۳۲) کپڑے پہننے کی (۳۳) نئے کپڑے پہننے کی (۳۴) کپڑا اتارنے کی (۳۵) جنت مانگنے کی (۳۶) جہنم سے پناہ مانگنے کی (۳۷) بارش کی (۳۸) بارش نہ ہونے کی۔ |
| ۷ر مسنون کلمات | ۶ر سے ۱۲۔ |
| ۶ر حدیثیں | ۱۷ر سے ۲۲۔ |
| ۵ر سورتیں | سورۃ الکافرون سے سورۃ الفیل. |
| ۲۸ر اسمائے حسنیٰ | ۱ر سے ۲۸۔ |
| نظم | دنیا کے اے مسافر! |

## جماعت: (۵) (۴ر سے ۱۰ر پارہ) (صفحہ:45 سے:54)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | ایمانِ مجمل، ایمانِ مفصل ترجمہ کے ساتھ۔ |
| نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں | درود شریف، دعائے ماثورہ۔ |
| ۶ر مسنون دعائیں | (۳۹) پانی پینے کے بعد کی (۴۰) زمزم پینے کی (۴۱) مجلس سے اٹھنے کی (۴۲) دوسری دعا (۴۳) صبح وشام پڑھنے کی (۴۴) نیا چاند دیکھنے کی۔ |

| | |
|---|---|
| ۱۳/مسنون کلمات | ۱۳ سے ۲۵۔ |
| ۶/حدیثیں | ۲۳/سے ۲۸۔ |
| ۴/سورتیں | سورۃ الھمزۃ سے سورۃ القارعۃ. |
| ۳۲/اسمائے حسنیٰ | ۲۹/سے ۶۰ تک۔ |
| ترانہ | سارے جہاں سے اچھا..... |

## جماعت:(۶)(۱۱/سے ۲۰/پارہ)(صفحہ:55سے ص:62)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | پچھلی مرتبہ یاد کیے ہوئے تمام کلمات کا دور۔ |
| نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں | دعائے قنوت، آیۃ الکرسی۔ |
| ۷/مسنون دعائیں | (۴۵)صبح کی (۴۶)شام کی (۴۷)کسی کو مصیبت میں دیکھیں تو (۴۸)دعوت کھانے کے بعد کی دوسری دعا(۴۹)تیسری دعا(۵۰) نیا پھل کھانے کی (۵۱)رجب اور شعبان میں پڑھنے کی۔ |
| ۵/مسنون کلمات | ۲۶ سے ۳۰۔ |
| ۶/حدیثیں | ۲۹ سے ۳۴۔ |
| ۳/سورتیں | سورۃ العادیات سے سورۃ البینۃ۔ |
| ۲۶/اسمائے حسنیٰ | ۶۱/سے ۸۶۔ |
| نقشہ | نمازوں کے نام اور رکعتوں کی تعداد |
| نظم | ہے نظر میں جمالِ حبیبِ خدا |

## جماعت: (۷) (۲۱/سے ۳۰/ پارہ) (صفحہ:63 سے:74)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | پچھلی مرتبہ یاد کیے ہوئے تمام کلمات کا دور۔ |
| نماز کے بعد پڑھی جانے والی چیزیں | فرض نماز کے بعد پڑھنے کی دعائیں، استغفار، تکبیرِ تشریق۔ |
| ۹/مسنون دعائیں | (۵۲) دولہا و دلہن کو مبارک باد دینے کی دعا (۵۳) بیمار کی ملاقات کے وقت کی (۵۴) قبرستان میں داخل ہونے کی (۵۵) دشمن کے ڈر کے وقت (۵۶) جنازہ کی نماز کی ثنا (۵۷) بالغ مرد وعورت کے جنازے کی دعا (۵۸) دوسری دعا (۵۹) نابالغ لڑکے کے جنازے کی دعا (۶۰) نابالغ لڑکی کے جنازے کی دعا۔ |
| ۱۰/مسنون کلمات | ۳۱ سے ۴۰۔ |
| ۶/حدیثیں | ۳۵ سے ۴۰۔ |
| ۵/سورتیں | سورۃ القدر سے سورۃ الضحیٰ. |
| | اسلامی مہینوں کے نام |
| ۱۳/اسمائے حسنیٰ | ۸۷/سے ۹۹۔ |
| حمد | تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا |

# دھیان میں رکھنے کی باتیں

## سورتوں میں

| | |
|---|---|
| پکا یاد کرانا | حروف کی صحیح ادائیگی |
| قرآن وحدیث کے کلمات کو صحیح طریقے سے پڑھنا سکھانا | قاعدوں کی رعایت کے ساتھ پڑھنا |
| آہستہ آہستہ اور عمدہ لہجے سے پڑھنا | صحیح مقام پر وقف |

## حدیثوں، اسلام کے کلمات اور نماز میں پڑھی جانے والی چیزوں میں

| | |
|---|---|
| پکا یاد کرانا | حروف وکلمات کی صحیح ادائیگی |
| قرآن وحدیث کے کلمات کو صحیح طریقے سے پڑھنا سکھانا | قاعدوں کی رعایت کے ساتھ پڑھنا |
| آہستہ آہستہ پڑھنا | نماز میں وظائف کا مقام |

## دعا میں

| | |
|---|---|
| پکا یاد کرانا | حروف کی صحیح ادائیگی |
| دعاؤں کو صحیح طریقے سے پڑھنا سکھانا | عمل کی ترغیب دینا |

نوٹ: بچوں کو عربی کلمات زبانی یاد کرائیں؛ لیکن ترجمہ زبانی رٹوانے کی ضرورت نہیں ہے، اچھی طرح سمجھا دیا جاوے۔

# محفوظات کا آسان نصاب

## روضۃ الاطفال

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | مسنون دعائیں |
| مناجات | |

# اسلام کے کلمات

## ① پہلا کلمہ طیبہ:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ.

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

**فائدہ:** کلمۂ طیبہ کو زبان سے کہنا اور دل سے اس کو سچ ماننا ہر مسلمان کے لیے بہت ضروری ہے۔

# مسنون دعائیں

## ① کھانے سے پہلے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَبَرْكَةِ اللّٰهِ. (المعجم الاوسط)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ کے نام اور اللہ کی برکت کے ساتھ (کھانا کھاتا ہوں)۔

## ② کھانے کے شروع میں دعا بھول جائے تو یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ. (ابوداؤد)

ترجمہ: اس کھانے کی شروعات اور آخر دونوں اللہ تعالیٰ کے نام سے ہے۔

## ③ کھانے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ. (شمائلِ ترمذی)

**ترجمہ:** تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے ہمیں کھلایا پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔

## ④ دودھ پینے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ. (ترمذی شریف)

**ترجمہ:** اے اللہ! ہمارے لیے اِس (دودھ) میں برکت عطا فرمایئے اور ہمیں اُور بھی (دودھ) پلایئے۔

## ⑤ سونے سے پہلے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا. (بخاری شریف)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ ہی کا نام لے کر مرتا ہوں (یعنی سوتا ہوں) اور جیتا ہوں (یعنی اٹھتا ہوں)۔

## ⑥ سوکر اٹھنے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْيَانَا○ بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا○ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ○

(بخاری شریف)

**ترجمہ:** تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے ہمیں مرنے کے بعد زندہ کیا (یعنی سونے کے بعد جگایا)، اور اُن ہی کی جانب (قیامت میں) اٹھ کر جانا ہے۔

# مناجات

| | |
|---|---|
| لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری | زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری |
| دور دنیا کا مرے دم سے اندھیرا ہو جائے | ہر جگہ میرے چمکنے سے اجالا ہو جائے! |
| ہو مرے دم سے یوں ہی میرے وطن کی زینت | جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت |
| زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب | علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب |
| ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا | دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا |
| مرے اللہ! برائی سے بچانا مجھ کو | نیک جو راہ ہو اس رَہ پہ چلانا مجھ کو |
| لب پہ آتی ہے دعا بن کے تمنا میری | زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری! |

# محفوظات کا آسان نصاب

## (بچوں کا تحفہ حصۂ اول)

## جماعت نمبر (۱)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | مسنون دعائیں |
| حدیثیں | حمد |

﴿پچھلی مرتبہ یاد کی ہوئی چیزوں کے دور کے ساتھ﴾

## اسلام کے کلمات

### ② دوسرا کلمہ شہادت:

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ○ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ○

**ترجمہ:** میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

## مسنون دعائیں

### ⑦ دعوت کھانے کے بعد کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَّنْ اَطْعَمَنِيْ○ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ○ (مسلم شریف)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ اس کو کھلائیے جس نے مجھ کو کھلایا اور اس کو پلائیے جس نے مجھ کو پلایا۔

### ⑧ پانی پینے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ○

### ⑨ پانی پینے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ○

### ⑩ بیت الخلا میں جانے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ○ (بخاری شریف)

**ترجمہ:** اے اللہ! میں شیطان مردوں اور عورتوں سے آپ کی حفاظت چاہتا ہوں۔

## (۱۱) بیت الخلا سے نکلنے کی دعا:

غُفْرَانَكَ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنِّيْ الْاَذٰى وَعَافَانِيْ○ (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اے اللہ! معاف فرما دیجیے، تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جنھوں نے مجھ سے تکلیف دینے والی چیز (پیشاب اور پاخانہ) کو دور کر دیا اور مجھے راحت دی۔

## (۱۲) مسجد کے جماعت خانے میں داخل ہونے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ○ (ترمذی شریف)

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ○ (مسلم شریف)

**ترجمہ:** اللہ کا نام لے کر داخل ہوتا ہوں اور درود و سلام اترے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر۔

اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دیجیے۔

**داخل ہوتے وقت پہلے داہنا پیر رکھے اور اعتکاف کی نیت کرے۔**

## (۱۳) مسجد کے جماعت خانے سے نکلنے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ○ (ترمذی شریف)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ○ (مسلم شریف)

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ کا نام لے کر نکلتا ہوں اور درود و سلام اترے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر۔

اے اللہ! میں آپ سے آپ کا فضل مانگتا ہوں۔

# حدیثیں

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ. (بخاری) | اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہے |
| ۲ | اَلصَّلٰوۃُ نُوْرٌ. (ترمذی) | نماز روشنی ہے۔ |
| ۳ | اَفْشُوا السَّلَامَ بَیْنَکُمْ. (مسلم) | آپس میں سلام پھیلاؤ۔ |
| ۴ | سَمِّ اللّٰهَ وَکُلْ بِیَمِیْنِکَ. (بخاری) | اللہ کا نام لو اور داہنے ہاتھ سے کھاؤ۔ |
| ۵ | کُلْ مِمَّا یَلِیْکَ. (بخاری) | اپنے سامنے سے کھاؤ۔ |

## حمد

| | |
|---|---|
| شکر ہو تیرا کیسے ادا | ہم کو مسلماں نیک بنا |
| راہ پہ تو نیکی کی چلا | ہم کو مومن نیک بنا |
| لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰهُ | مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهْ |
| عاملِ قرآں ہم کو بنا | حافظِ قرآں ہم کو بنا |
| دین کے داعی ہم کو بنا | لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰهُ |
| لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰهُ | مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهْ |
| تیری محبت دل میں رہے | اور شمع ایماں کی جلے |
| پیارے نبی کا پیار بسے | پیار کا طوفاں دل سے اٹھے |
| لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰهُ | مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهْ |
| یہ ہے میرے دل کی دعا | جسم سے ہو جب جان جُدا |
| نکلے زباں سے یہ کلمہ | لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰهُ |
| لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰهُ | مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهْ |

# محفوظات کا آسان نصاب

## بچوں کا تحفہ حصہ ٔ ثانی

## جماعت نمبر: (۲)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | مسنون دعائیں |
| حدیثیں | دعا |

﴿پچھلی مرتبہ یاد کی ہوئی چیزوں کے دور کے ساتھ﴾

## اسلام کے کلمات

### ① تیسرا کلمہ تمجید:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ○ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ○ وَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ○

ترجمہ: اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے، اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں، اور اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں، اور (گناہوں سے بچنے کی) طاقت اور (نیک کام کرنے کی) قوت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے جو اونچی شان اور عظمت والے ہیں۔

## مسنون دعائیں

### ⑭ افطار کی دعا:

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ○ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ○ (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اے اللہ! میں نے آپ ہی کے لیے روزہ رکھا اور آپ ہی کی دی ہوئی روزی سے افطار کیا۔

### ⑮ افطار کے بعد کی دعا:

ذَھَبَ الظَّمَأُ○ وَابْتَلَّتِ الْعُرُوْقُ○ وَثَبَتَ الْاَجْرُ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ○
(ابوداؤد)

**ترجمہ:** پیاس ختم ہوگئی، اور رگیں تر ہوگئیں، اور إن شاء اللہ! ثواب پکّا ہوگیا۔

### ⑯ دسترخوان بچھانے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا ○ وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ ○

(میزان الاعتدال للذہبی)

ترجمہ: اے اللہ! جو رزق آپ نے ہمیں عطا فرمایا اس میں ہمیں برکت دیجیے، اور ہمیں جہنم کی آگ سے بچا لیجیے، بسم اللہ۔

### ⑰ دسترخوان اٹھانے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ ○ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ ○ وَّلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا ○ (بخاری شریف)

**ترجمہ:** تمام پاکیزہ اور برکت والی تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں، ان کی ذات کسی کی محتاج نہیں اور نہ ہی ان کو چھوڑا جا سکتا ہے اور نہ ان سے بے نیازی برتی جا سکتی ہے، اے ہمارے پالنے والے!۔

### ⑱ وضو سے پہلے کی دعا:

(۱) بِسْمِ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ. (ابوداؤد شریف)

(۲) بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى دِيْنِ الْاِسْلَامِ ○ (طحاوی)

**ترجمہ:** بہت زیادہ عظمت والے اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع کرتا ہوں اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں کہ انھوں نے دینِ اسلام عطا فرمایا۔

### ⑲ وضو کے درمیان کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذَنْبِيْ ○ وَوَسِّعْ لِيْ فِيْ دَارِيْ ○ وَبَارِكْ لِيْ فِيْ رِزْقِيْ ○ (مسندِ احمد)

**ترجمہ:** اے اللہ! میرے گناہوں کو معاف فرما دیجیے اور میرے گھر کو کشادہ فرما دیجیے اور میری روزی میں برکت عطا فرمائیے۔

## ⑳ وضو کے بعد کی دعا:

اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ○ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ○

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ○ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ. (مسلم)

**ترجمہ:** میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے، وہ تنہا ہیں، ان کا کوئی شریک نہیں ہے، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں میں شامل فرمائیے، اور مجھے پاک صاف رہنے والوں میں سے بنائیے۔

## ㉑ جب اذان (کی آواز) سنے تو پڑھے:

رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا○ وَّبِمُحَمَّدٍ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) رَسُوْلًا وَّنَبِيًّا○ (نسائی)

**ترجمہ:** میں اپنے اللہ کے رب ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہوں۔

## ㉒ اذان کے بعد درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ○ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ○ اٰتِ مُحَمَّدَا نِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ○ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَا نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ○ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ○ (بیہقی)

**ترجمہ:** اے اللہ! اے اِس مکمل دعوت (یعنی اذان) اور قائم رہنے والی نماز کے رب! حضرت محمد ﷺ کو وسیلہ اور فضیلت عطا فرمایئے، اور آپ ﷺ کو وہ مقامِ محمود عطا فرمایئے جس کا آپ نے اُن سے وعدہ فرمایا ہے، یقیناً آپ ہرگز وعدہ خلافی نہیں کرتے۔

## حدیثیں

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللہ کے نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا:

| | | |
|---|---|---|
| ٦ | اِجْتَنِبُوا الْغَضَبَ. (احمد) | غصہ سے بچو۔ |
| ٧ | اَلدِّیْنُ یُسْرٌ. (بخاری) | دین آسان ہے۔ |
| ٨ | اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْکَلَامِ. (ترمذی) | بات کرنے سے پہلے سلام کرو۔ |
| ٩ | مِفْتَاحُ الْجَنَّۃِ الصَّلٰوۃُ. (ترمذی) | جنت کی چابی نماز ہے۔ |
| ١٠ | اَلطُّھُوْرُ شَطْرُ الْاِیْمَانِ. (مسلم) | پاکی ایمان کا حصہ ہے۔ |

# دعا

| | |
|---|---|
| اے دنیا کے باغ کے مالی | اے اپنے بندوں کے والی |
| دل کے مالک، جان کے مالک | دنیا اور جہاں کے مالک |
| دوسرا تجھ سا کوئی نہیں | تجھ سا داتا کوئی نہیں ہے |
| بخش ہمارے جسم کو طاقت | بخش ہمیں محنت کی عادت |
| پڑھنے پر دل مائل کردے | علم و ہنر میں کامل کردے |
| ہمّت دے کچھ کام کریں ہم | جگ میں روشن نام کریں ہم |
| دل میں وطن کی الفت بھر دے | خدمتِ قوم کے قابل کردے |
| سچ بولیں ہم جھوٹ نہ بولیں | کبھی کسی کا عیب نہ کھولیں |
| ہو انصاف اصول ہمارا | صرف اِک تیرا ڈھونڈیں سہارا |
| نام پہ تیرے جان فدا ہو | کوئی نہ دل میں تیرے سوا ہو |
| اے دنیا کے باغ کے مالی | اے اپنے بندوں کے والی |
| دوسرا تجھ سا کوئی نہیں | دوسرا تجھ سا کوئی نہیں |

# محفوظات کا آسان نصاب

## پارۂ عمّ

## جماعت نمبر: (۳)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | مسنون دعائیں |
| مسنون کلمات | حدیثیں |
| سورتیں | حمد |

﴿پچھلی مرتبہ یاد کی ہوئی چیزوں کے دور کے ساتھ﴾

## اسلام کے کلمات

### ④ چوتھا کلمہ توحید:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ○ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ○ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ○ بِيَدِهِ الْخَيْرُ○ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ○

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ تنہا ہیں، ان کا کوئی شریک نہیں ہے، ان ہی کے لیے (ساری) حکومت ہے، ان ہی کے لیے تمام تعریفیں ہیں، وہی زندہ کرتے ہیں اور وہی موت دیتے ہیں، ان ہی کے قبضے میں تمام بھلائیاں ہیں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں۔

## مسنون دعائیں

### ㉓ سونے کی دوسری دعا:

اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ. (**تین مرتبہ**) (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ جس (قیامت کے) دن اپنے بندوں کو اکٹھا کروگے اس دن مجھے اپنے عذاب سے بچالینا۔

### ㉔ رات کو گھبرا کر آنکھ کھل جائے تو یہ دعا پڑھنا:

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ○ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ○ (مستدرک للحاکم)

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہیں، غالب ہیں،

آسمان، زمین اور ہر چیز کے پروردگار ہیں، بڑی عظمت والے اور بڑے معاف کرنے والے ہیں۔

## ⑳٥ گھر سے نکلنے کی دعا:

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰہِ○ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ○ (ترمذی)

**ترجمہ:** اللہ کا نام لے کر نکلتا ہوں، اللہ ہی پر بھروسہ کرتا ہوں، (گناہوں سے بچنے کی) طاقت اور (نیک کام کرنے کی) قوت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔

## ⑳٦ گھر میں داخل ہوتے وقت پڑھنے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْئَلُكَ خَيْرَ الْمَوْلَجِ وَخَيْرَ الْمَخْرَجِ○ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا○ وَعَلَى اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا○ (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اے اللہ! مَیں آپ سے (گھر کے اندر) جانے اور (گھر سے) نکلنے کی بہتری مانگتا ہوں، ہم اللہ تعالیٰ کا نام لے کر (گھر کے) اندر جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی کا نام لے کر (گھر سے) باہر نکلتے ہیں اور اللہ تعالیٰ ہی پر- جو ہمارے رب ہیں- بھروسہ کرتے ہیں۔

## ⑳٧ سفر کے ارادے کے وقت کی دعا:

بِسْمِ اللّٰہِ○ حَسْبِيَ اللّٰہُ○ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰہِ○ (ابن ابی شیبہ)

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ کا نام لے کر سفر میں نکلتا ہوں، میرے لیے اللہ تعالیٰ کافی ہیں، میں نے اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کیا۔

(۲۸) [۱] سوار ہوتے وقت پڑھے: بِسْمِ اللّٰہِ .

[۲] سوار ہو جانے کے بعد پڑھے:

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا○ وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ○ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ○ (الزخرف:۱۳(مسلم)

**ترجمہ:** پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے قابو میں دے دیا، اور ہم تو اس (سواری) کو (اپنے) قابو میں کرنے کی طاقت نہیں رکھتے تھے اور ہم اپنے رب کی طرف ضرور لوٹنے والے ہیں۔ (تیسیر القرآن)

(۲۹) منزل پر پہنچنے کی دعا:

[۱] اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْھَا○ (تین مرتبہ کہے) (المعجم الاوسط للطبرانی)

**ترجمہ:** اے اللہ! ہمارے لیے اس (بستی) میں برکت کر دیجیے۔

پھر پڑھے:

[۲] اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاھَا○ وَحَبِّبْنَا إِلٰی أَھْلِھَا○ وَحَبِّبْ صَالِحِيْ أَھْلِھَا إِلَیْنَا○ (المعجم الاوسط للطبرانی)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ ہمیں اس بستی کے پھل نصیب فرمایئے اور یہاں کے رہنے والوں کے دلوں میں ہماری محبت پیدا فرما دیجیے اور یہاں کے نیک لوگوں کی محبت ہمارے دلوں میں پیدا فرما دیجیے۔

(۳۰) سفر سے واپسی کی دعا:

اٰئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ○ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ○ (ابن ماجہ)

**ترجمہ:** ہم واپس ہو رہے ہیں، ہم توبہ کرنے والے، عبادت کرنے

والے اور اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔

## ۳۱ کسی کو روانہ کرنے کی دعا:

اَسْتَوْدِعُ اللّٰہَ دِیْنَکَ وَاَمَانَتَکَ○ وَخَوَاتِیْمَ عَمَلِکَ○ (ترمذی شریف)

**ترجمہ:** میں تمھارے دین، تمھاری امانت اور تمھارے آخری اعمال اللہ تعالیٰ کو سونپتا ہوں۔

## مسنون کلمات

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | اونچی جگہ پر چڑھتے ہوئے | اَللّٰہُ اَکْبَرُ (اللہ سب سے بڑے ہیں) |
| ۲ | نیچے اترتے ہوئے | سُبْحَانَ اللّٰہِ (اللہ کی ذات پاک ہے) |
| ۳ | ہر اچھا کام شروع کرتے وقت | بِسْمِ اللّٰہِ (اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں) |
| ۴ | کوئی نعمت حاصل ہو | اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ (تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں) |
| ۵ | کوئی چیز اچھی لگے | مَاشَاءَ اللّٰہُ (جیسا اللہ نے چاہا) |

# حدیثیں

| | | |
|---|---|---|
| قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: | | |
| ۱۱ | عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ. (بخاری) | ہمیشہ سچ بات کہو۔ |
| ۱۲ | لَاتَسُبَّنَّ اَحَدًا. (ابوداؤد) | ہرگز کسی کو گالی مت دو۔ |
| ۱۳ | لَايَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ. (بخاری) | چغل خور جنت میں نہ جاسکے گا۔ |
| ۱۴ | اَلْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ. (ابن حبان) | اچھی بات کہنا صدقہ ہے۔ |
| ۱۵ | اَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ (ترمذی) | بہترین ذکر لَا اِلٰهَ اِلَّا الله ہے۔ |
| ۱۶ | اَلسَّعِيْدُ مَنْ وُّعِظَ بِغَيْرِهِ. (مسلم) | خوش نصیب وہ ہے جو دوسروں کو دیکھ کر نصیحت حاصل کرے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | سُوْرَةُ الْفَاتِحَةْ | ۴ | سُوْرَةُ الْإِخْلَاصْ |
| ۲ | سُوْرَةُ النَّاسْ | ۵ | سُوْرَةُ اللَّهَبْ |
| ۳ | سُوْرَةُ الْفَلَقْ | ۶ | سُوْرَةُ النَّصْرْ |

**نوٹ:** یہ تمام سورتیں پہلے پارۂ عم میں اندر دیکھ کر پڑھائیں، اس کے بعد حفظ یاد کرائیں۔

# حمد

| | |
|---|---|
| قرآں کے سپاروں میں | احساں کے اشاروں میں |
| بطحا کے نرالوں میں | طیبہ کے اجالوں میں |
| میں نے تمھیں دیکھا ہے | میں نے تمھیں دیکھا ہے |
| صدیق کی شفقت میں | فاروق کی سطوت میں |
| عثمان کی عفت میں | کرّار کی ہیبت میں |
| میں نے تمھیں دیکھا ہے | میں نے تمھیں دیکھا ہے |
| خورشید کے تاروں میں | راتوں کے ستاروں میں |
| پودوں کی قطاروں میں | کوئل کی پکاروں میں |
| میں نے تمھیں دیکھا ہے | میں نے تمھیں دیکھا ہے |
| خالد کی شجاعت میں | حاتم کی سخاوت میں |
| یونس کے سفینے میں | طائف میں مدینے میں |
| میں نے تمھیں دیکھا ہے | میں نے تمھیں دیکھا ہے |
| روزوں میں نمازوں میں | عیدوں میں جنازوں میں |
| ریلوں میں جہازوں میں | نازوں میں نیازوں میں |
| میں نے تمھیں دیکھا ہے | میں نے تمھیں دیکھا ہے |

## نظم

| | |
|---|---|
| اے میرے پیارے بابا جان | میرے دل میں ہے ارمان |
| میں بھی مدرسہ جاؤں گا | بنوں گا میں حافظِ قرآن |
| سنا ہے حافظِ قرآں کے | ماں باپ کو جنت ملتی ہے |
| تاجِ فخر ان کے سر پر | شان و عزت ملتی ہے |
| مجھے بھی ایسا موقع دے | جلدی داخلہ دلوادے |
| بنوں گا میں بھی عظیم انسان | بنوں گا میں حافظِ قرآن |
| ایک ایک آیہ پڑھوں گا میں | درجہ بدرجہ چڑھوں گا میں |
| منزل میری وہی ہوگی | ختم جہاں پہ کروں گا میں |
| رب کی نوازش پاؤں گا | حق کی سفارش پاؤں گا |
| بنوں گا نبی کا میں مہمان | بنوں گا میں حافظِ قرآن |
| ماں باپ ہے ان کے عظیم بہت | اللہ بھی جن پہ کریم بہت |
| بچوں کو پڑھا کے کلامِ خدا | دی ہے حسیں تعلیم بہت |
| بچہ قرآن سنائے گا | قبر میں اعلاں آئے گا |
| باپ کو جنت ہوگی عطا | بنوں گا میں حافظِ قرآن |
| حفظِ قرآن سعادت ہے | دونوں جہاں کی راحت ہے |
| لیکن بچوں یاد رکھو | اصل تو اس کی اطاعت ہے |
| اس کے مطابق جیون ہو | ورنہ آگ کا ایندھن ہو |
| یاد رکھو روحانی بیان | بنوں گے تم حافظِ قرآن |

# محفوظات کا آسان نصاب

## پارہ ا سے ۳

## جماعت نمبر: (۴)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | مسنون دعائیں |
| نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں | حدیثیں |
| سورتیں | اسمائے حسنیٰ |
| نظم | |

﴿پچھلی مرتبہ یاد کی ہوئی چیزوں کے دور کے ساتھ﴾

## اسلام کے کلمات

### ⑤ پانچواں کلمہ ردِّ کفر:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئاً وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ○ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ○ تُبْتُ عَنْهُ○ وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَ الشِّرْكِ وَالْمَعَاصِیْ كُلِّهَا○ اَسْلَمْتُ وَاٰمَنْتُ○ وَاَقُوْلُ: لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ○ (ابن السنی)

**ترجمہ:** اے اللہ! میں جان بوجھ کر آپ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے سے آپ کی حفاظت میں آتا ہوں، اور انجانے میں آپ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے پر آپ سے معافی چاہتا ہوں، میں نے اس سے توبہ کی، اور میرا کوئی تعلق نہیں کفر، شرک اور تمام گناہوں سے، میں نے اسلام قبول کیا اور میں ایمان لے آیا اور میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔

## نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں

**ثنا:** سُبْحَانَكَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِكَ○ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ○ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ○ (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے، اور ہم آپ کی تعریف بیان کرتے ہیں اور آپ کا نام بہت برکت والا ہے اور آپ

کی شان اونچی ہے اور آپ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔

**تَعَوُّذْ**: یعنی ''اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ''۔

**ترجمہ**: میں اللہ کی حفاظت چاہتا ہوں شیطانِ مردود سے۔

**تَسْمِیَہ** یعنی ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ''۔

**ترجمہ**: اللہ تعالیٰ ہی کے نام کی برکت حاصل کرتے ہوئے (میں پڑھتا ہوں) جن کی رحمت سب کے لیے ہے، جو بہت زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

**رکوع کی تسبیح** ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِیْمِ''۔ (مسلم)

**ترجمہ**: میں پاکی بیان کرتا ہوں اپنے پروردگار کی جو عظمت والے ہیں۔

**تَسْمِیْع**؛ یعنی رکوع سے اٹھنے کی دعا: سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ۔ (دارقطنی)

**ترجمہ**: اللہ تعالیٰ نے اس کی سن لی جس نے اس کی تعریف کی۔

**قَوْمَہْ**: یعنی رکوع سے اٹھنے کے بعد کی تحمید:

''رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ''۔ (بخاری)

**ترجمہ**: اے ہمارے پروردگار! تمام تعریفیں آپ ہی کے لیے ہیں۔

**سجدے کی تسبیح** ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰی'' (مسلم شریف)

**ترجمہ**: میں پاکی بیان کرتا ہوں اپنے پروردگار کی جو بلند ہیں۔

**جلسہ**؛ یعنی دو سجدوں کے درمیان پڑھنے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ۔ (ابوداؤد)

**ترجمہ**: اے اللہ! مجھے معاف فرمادیجیے اور مجھ پر رحم فرمائیے اور مجھ کو

عافیت عطا فرمایئے اور مجھ کو ہدایت دیجیے اور مجھ کو روزی دیجیے۔

**تشھد:** اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ والصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ○
اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ○
اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللهِ الصَّالِحِيْنَ○
أَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ○
وَأَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ○ (بخاری)

**ترجمہ:** تمام زبانی عبادتیں اور تمام بدنی عبادتیں اور تمام مالی عبادتیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں۔
اے نبی! (ﷺ) آپ پر سلامتی ہو اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں اتریں۔
سلامتی ہو ہم پر اور اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں پر۔
میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔
اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

# مسنون دعائیں

## ۳۲ کپڑے پہننے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ هٰذَا○ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّی وَلَا قُوَّةٍ○ (ابوداوٗد)

**ترجمہ:** تمام تعریفیں اُس اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے مجھے یہ (کپڑا) پہنایا اور میری قوت اور طاقت کے بغیر مجھے یہ نصیب فرمایا۔

## ۳۳ نئے کپڑے پہننے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ○ أَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِهٖ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهٗ○ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهٗ○ (ابوداوٗد)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ ہی کے لیے تمام تعریفیں ہیں کہ آپ نے مجھے یہ کپڑا پہنایا، مَیں آپ سے اِس (کپڑے) کی اور جس غرض سے یہ کپڑا بنایا گیا اس کی بھلائی مانگتا ہوں، اور اس (کپڑے) کی اور جس غرض سے یہ بنایا گیا اُس کی برائی سے آپ کی حفاظت مانگتا ہوں۔

## ۳۴ کپڑے اتارتے وقت کی دعا:

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ○ (عمل الیوم واللیلة)

**ترجمہ:** اللہ کا نام لے کر (یہ کپڑا اتارتا ہوں) جن کے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔

### ۳۵ جنت مانگنے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ رِضَاكَ وَالْجَنَّةَ. (تین مرتبہ)

**ترجمہ:** اے اللہ ! میں آپ سے آپ کی خوشی اور جنت کا سوال کرتا ہوں۔

### ۳۶ جہنم سے پناہ مانگنے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ. (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اے اللہ! مجھ کو دوزخ کی آگ سے بچالیجیے۔

### ۳۷ بارش ہو تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ صَيِّبًا نَّافِعًا۞ (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اے اللہ! موسلا دھار اور فائدے والی بارش عطا فرمایئے۔

### ۳۸ بارش نہ ہو تو یہ دعا (تین مرتبہ) پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَغِثْنَا۞ (بخاری)

**ترجمہ:** اے اللہ! ہم پر بارش برسایئے۔

# مسنون کلمات

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | کسی بات پر تعجب ہو | سُبْحَانَ اللهِ.<br>اللہ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے |
| ۷ | کسی کام کا ارادہ کرتے وقت | اِنْ شَاءَ اللهُ (اگر اللہ نے چاہا) |
| ۸ | چھینک آنے پر | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ. (ترمذی)<br>ہر حال میں تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں |
| ۹ | چھینک کا جواب | يَرْحَمُكَ اللهُ. (ترمذی)<br>اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے |
| ۱۰ | چھینکنے والا پھر یہ دعا پڑھے | يَهْدِيْكُمُ اللهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.(ترمذی)<br>اللہ تعالیٰ تم کو ہدایت دے اور تمھارے حالات ٹھیک کر دیوے |
| ۱۱ | کوئی چیز گم ہو جائے یا غم کی خبر ملے | اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ.(مسلم)<br>ہم اللہ ہی کے ہیں اور ہم اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں |
| ۱۲ | جب کوئی اچھا سلوک کرے یا ہدیہ دے تو | جَزَاكُمُ اللهُ خَيْرًا.<br>اللہ تعالیٰ تم کو اچھا بدلہ عطا فرمائے |

# حدیثیں

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ | اَلْوَالِدُ اَوْسَطُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ. (ترمذی) | باپ جنت کا درمیانی دروازہ ہے۔ |
| ۱۸ | اَلْجَنَّةُ تَحْتَ اَقْدَامِ الْاُمَّهَاتِ. (الجامع الصغير للسيوطي) | جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے۔ |
| ۱۹ | مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا. (طبرانی) | جو ہم کو دھوکہ دے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ |
| ۲۰ | اَلسَّعِيْدُ مَنْ وُّعِظَ بِغَيْرِهٖ. (مسلم) | خوش نصیب وہ ہے جو دوسروں کو دیکھ کر نصیحت حاصل کرلے۔ |
| ۲۱ | خَيْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَ عَلَّمَهٗ. (ابوداؤد) | تم میں بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔ |
| ۲۲ | خَيْرُ النَّاسِ اَنْفَعُهُمْ لِلنَّاسِ (بیہقی) | لوگوں میں سب سے اچھا وہ ہے جو لوگوں کو زیادہ فائدہ پہنچانے والا ہو۔ |

# سورتیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷ | سورۃُ الکافرون | ۱۰ | سورۃُ القریش |
| ۸ | سورۃُ الکوثر | ۱۱ | سورۃُ الفیل |
| ۹ | سورۃُ الماعون | | پچھلی مرتبہ یاد کی ہوئی سورتوں کے ساتھ |

## اسمائے حسنیٰ

اللہ تعالیٰ کے پیارے پیارے ناموں کو ''اسمائے حسنیٰ'' کہتے ہیں، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:﴿وَلِلّٰهِ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا﴾

**ترجمہ:** اور اللہ تعالیٰ کے اچھے نام ہیں، تم اللہ تعالیٰ کو ان ہی ناموں کے ساتھ پکارو۔

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ قَالَ : قَالَ النَّبِیُّ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

اِنَّ لِلّٰهِ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِسْمًا، مَنْ حَفِظَهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ.(ترمذي)

**ترجمہ:** حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں، جو اس کو یاد کرلے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوْ | | اَلرَّحْمٰنُ | الرَّحِيْمُ |
| الْمَلِكُ | الْقُدُّوْسُ | السَّلَامُ | الْمُؤْمِنُ |
| الْمُهَيْمِنُ | الْعَزِيْزُ | الْجَبَّارُ | الْمُتَكَبِّرُ |
| الْخَالِقُ | الْبَارِئُ | الْمُصَوِّرُ | الْغَفَّارُ |
| الْقَهَّارُ | الْوَهَّابُ | الرَّزَّاقُ | الْفَتَّاحُ |
| الْعَلِيْمُ | الْقَابِضُ | الْبَاسِطُ | الْخَافِضُ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| الرَّافِعُ | الْمُعِزُّ | الْمُذِلُّ | السَّمِيْعُ | الْبَصِيْرُ |

# نظم

| | |
|---|---|
| دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے | طے کر رہا ہے جو تو، دو دن کا یہ سفر ہے |
| جب سے بنی ہے دنیا، لاکھوں کروڑوں آئے | باقی رہا نہ کوئی مٹی میں سب سمائے |
| اس بات کو نہ بھولو، سب کا یہی حشر ہے | دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے |
| آنکھوں سے تو نے اپنے کتنے جنازے دیکھے | ہاتھوں سے اپنے تو نے دفنائے کتنے مردے |
| انجام سے تو اپنے، اتنا کیوں بے خبر ہے | دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے |
| یہ اونچے اونچے محل کچھ کام کے نہیں ہیں | یہ عالی شان بنگلے کچھ کام کے نہیں ہیں |
| دو گز زمین کا ٹکڑا چھوٹا سا تیرا گھر ہے | دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے |
| مخمل پہ سونے والے مٹی پہ سو رہے ہیں | شاہ و گدا یہاں پہ سب ایک ہو رہے ہیں |
| دونوں ہوئے برابر یہ موت کا اثر ہے | دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے |
| مٹی کے پتلے تو نے مٹی میں ہے سمانا | اک دن یہاں تو آیا اک دن یہاں سے جانا |
| رہنا نہیں جہاں پر جاری تیرا سفر ہے | دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے |
| دنیا کے اے مسافر! منزل تیری قبر ہے | طے کر رہا ہے جو تو دو دن کا یہ سفر ہے |

# محفوظات کا آسان نصاب

## پارہ ۴/ سے ۱۰

## جماعت نمبر: (۵)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات | نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں |
| مسنون دعائیں | مسنون کلمات |
| حدیثیں | سورتیں |
| اسمائے حسنیٰ | نعت |

﴿پچھلی مرتبہ یاد کی ہوئی چیزوں کے دور کے ساتھ﴾

## اسلام کے کلمات

### ⑥ ایمانِ مجمل:

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِاَسْمَآئِهٖ وَصِفَاتِهٖ ۝ وَقَبِلْتُ جَمِيْعَ اَحْكَامِهٖ.

**ترجمہ:** میں ایمان لایا اللہ تعالیٰ پر ان کے تمام ناموں اور صفتوں کے ساتھ اور میں نے ان کے تمام احکام قبول کیے۔

### ⑦ ایمانِ مفصل:

اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلَائِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۝ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَ الْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى ۝ وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ ۝

**ترجمہ:** میں ایمان لایا اللہ تعالیٰ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر، اور قیامت کے دن پر اور اس بات پر کہ اچھی یا بری تقدیر سب اللہ کی طرف سے ہے، اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونے پر۔

## نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں

**درود شریف:** اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ ۝ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ ۝ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ ۝ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ ۝ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝ (بخاری شریف)

**ترجمہ:** اے اللہ! رحمت اتاریئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل

پر جیسے رحمت اتاری آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر، بے شک آپ تعریف کے لائق اور بزرگی والے ہیں۔

اے اللہ! برکت اتاریئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور ان کی آل پر جیسے برکت اتاری آپ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور ان کی آل پر، بے شک آپ تعریف کے لائق اور بزرگی والے ہیں۔

**دعائے ماثورہ:** اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا○ وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ○ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ○ وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ○ (بخاری شریف)

**ترجمہ:** اے اللہ! مَیں نے (گناہ کر کے) اپنی ذات پر بہت زیادہ ظلم کیا ہے، اور آپ کے سوا گناہوں کو کوئی معاف نہیں کر سکتا؛ اس لیے اپنی مغفرت کے ذریعے میرے گناہوں کو معاف فرما دیجیے، اور مجھ پر رحم فرمایئے، بے شک آپ بڑے معاف کرنے والے رحم کرنے والے ہیں۔

## مسنون دعائیں

### ۳۹ پانی پینے کے بعد کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَقَانَا عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَتِہٖ○ وَلَمْ یَجْعَلْہُ مِلْحًا اُجَاجًا بِذُنُوْبِنَا○ (کنز العمال)

**ترجمہ:** تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے ہمیں اپنی رحمت سے بہت زیادہ میٹھا پانی پلایا اور اس کو ہمارے گناہوں کی وجہ سے کڑوا

اور کھارا نہیں بنایا۔

**۴۰ زم زم پیتے وقت کی دعا:**

اَللّٰھُمَّ اِنِّی اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا○ وَّرِزْقًا وَّاسِعًا○ وَّشِفَاءً مِّنْ كُلِّ دَاءٍ○ (مستدرک حاکم)

**ترجمہ:** اے اللہ! میں آپ سے فائدہ پہنچانے والے علم، کشادہ (زیادہ) روزی اور ہر بیماری سے شفا کا سوال کرتا ہوں۔

**۴۱ مجلس سے اٹھتے وقت کی دعا:**

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ○ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ○ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَيْكَ○ (ترمذی)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ کی ذات پاک ہے، اور تمام تعریفیں آپ کے لیے خاص ہیں، میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کے آپ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، میں آپ سے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں۔

**۴۲ پھر یہ دعا پڑھے:**

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ○ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ○ (الصافات)

**ترجمہ:** تمھارے رب جو عزت والے ہیں، پاک ہیں ان سب باتوں سے جو یہ لوگ بناتے ہیں ﴿۱۸۰﴾ اور رسولوں پر سلامتی اترے ﴿۱۸۱﴾ اور تمام تعریف اس اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہے جو تمام عالموں کے رب ہیں۔

۴۳ صبح وشام پڑھنے کی دعا (تین مرتبہ پڑھے)

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ○ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ○ (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ کے نام سے (ہم صبح یا شام کرتے ہیں) جن کا نام لینے سے زمین اور آسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاسکتی اور وہ خوب سننے والے اور خوب جاننے والے ہیں۔

۴۴ جب نیا چاند دیکھے تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَالْاِیْمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالْاِسْلَامِ، رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللّٰہُ. (ترمذی)

**ترجمہ:** اے اللہ! اس (چاند) کو ہمارے لیے برکت، ایمان، سلامتی اور اسلام کے ساتھ ظاہر فرما دیجیے (اے چاند!) میرے اور تیرے پروردگار اللہ تعالیٰ ہیں۔

# مسنون کلمات

| | |
|---|---|
| ⑬ بیمار پُرسی کے وقت | لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ. (بخاری)<br>فکر کی کوئی بات نہیں، اگر اللہ نے چاہا تو یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے کا ذریعہ بنے گی |
| ⑭ میت کو قبر میں اتارے تو پڑھے | بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰه وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ. (ترمذی)<br>اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملت پر (ہم اس میت کو قبر میں رکھتے ہیں)۔ |
| ⑮ قبر پر مٹی کی پہلی مٹھی ڈالتے وقت پڑھے | مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ.<br>اسی (زمین) میں سے ہم نے تم کو پیدا کیا تھا۔ |
| ⑯ دوسری مٹھی ڈالتے وقت پڑھے | وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ. اور اسی (زمین) میں ہم تم کو (موت کے بعد) واپس لوٹا دیں گے۔ |
| ⑰ تیسری مٹھی ڈالتے وقت پڑھے | وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى. (ابن ماجہ، مستدرک حاکم، مظاہرِ حق جدید: ۲/ ۵۰۷)<br>اور اسی (زمین) سے ہم تم کو (قیامت میں) پھر دوبارہ نکالیں گے۔ |
| ⑱ جب غصہ آئے تو | اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ. (بخاری)<br>میں اللہ کی حفاظت میں آتا ہوں شیطان مردود سے |

| | |
|---|---|
| ⑲ جب کسی کو ہنستا ہوا دیکھے تو | اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ. (ابوداؤد)<br>اللہ تعالیٰ آپ کو ہمیشہ ہنستا رکھے۔ |
| ⑳ جب اچھی چیز دیکھے تو | مَاشَاءَ اللّٰهُ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (بیہقی)<br>وہی ہوتا ہے جو اللہ چاہتے ہیں، اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کوئی طاقت نہیں۔ |
| ㉑ جب کسی مسلمان سے ملے تو | اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهُ.<br>(مسلم)<br>تم پر سلامتی، اللہ کی رحمت اور اس کی برکت ہو۔ |
| ㉒ سلام کا جواب | وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ.<br>اور تم پر بھی سلامتی اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکت ہو۔ (مسلم) |
| ㉓ غائبانہ سلام کا جواب اس طرح دیں | عَلَيْكَ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ. (ابوداؤد)<br>تم پر بھی سلامتی ہو اور اس (سلام بھیجنے والے) پر بھی۔ |
| ㉔ مصافحہ کرتے وقت | يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ. (ابوداؤد)<br>اللہ تعالیٰ ہمارے اور تمھارے گناہوں کو معاف فرمائے۔ |
| ㉕ اگر گھر خالی ہو تو اِس طرح سلام کریں | اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ.<br>(بخاری فی الادب المفرد)<br>سلامتی ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ |

# حدیثیں

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ | لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ. (بخاری) | (رشتے داروں سے) تعلق توڑنے والا جنت میں نہ جا سکے گا۔ |
| ۲۴ | تَبَسُّمُكَ فِيْ وَجْهِ اَخِيْكَ صَدَقَةٌ (ترمذی) | تمھارا اپنے مسلمان بھائی کے سامنے مسکرانا صدقہ ہے۔ |
| ۲۵ | اَلْغِيْبَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا. (بیہقی) | غیبت زنا سے زیادہ سخت ہے۔ |
| ۲۶ | زَيِّنُوا الْقُرْاٰنَ بِاَصْوَاتِكُمْ. (ابوداؤد) | تم قرآنِ کریم کو اپنی آوازوں سے زینت دو۔ |
| ۲۷ | لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَّلَا تَصَاوِيْرُ. (بخاری) | اس گھر میں (رحمت کے) فرشتے نہیں آتے جس میں کتّا یا تصویریں ہوں۔ |
| ۲۸ | مَنْ حَلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ فَقَدْ اَشْرَكَ (ابوداؤد) | جس نے اللہ تعالیٰ کے علاوہ کی قسم کھائی اس نے شرک کیا۔ |

# سورتیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲ | سورۃُ الھمزۃ | ۱۵ | سورۃ القارعۃ |
| ۱۳ | سورۃُ العصر | | سورۂ فاتحہ سے سورۂ فیل تک کا دور |
| ۱۴ | سورۃُ التکاثر | | |

## اسمائے حسنیٰ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْحَكَمُ | الْعَدْلُ | اللَّطِيْفُ | الْخَبِيْرُ |
| الْحَلِيْمُ | الْعَظِيْمُ | الْغَفُوْرُ | الشَّكُوْرُ |
| الْعَلِيُّ | الْكَبِيْرُ | الْحَفِيْظُ | الْمُقِيْتُ |
| الْحَسِيْبُ | الْجَلِيْلُ | الْكَرِيْمُ | الرَّقِيْبُ |
| الْمُجِيْبُ | الْوَاسِعُ | الْحَكِيْمُ | الْوَدُوْدُ |
| الْمَجِيْدُ | الْبَاعِثُ | الشَّهِيْدُ | الْحَقُّ |
| الْوَكِيْلُ | الْقَوِيُّ | الْمَتِيْنُ | الْوَلِيُّ |
| الْحَمِيْدُ | الْمُحْصِيْ | الْمُبْدِئُ | الْمُعِيْدُ |

# نعت

| | |
|---|---|
| ہے نظر میں جمالِ حبیبِ خدا | ان کی تصویر سینے میں موجود ہے |
| جس نے لاکر کلامِ الٰہی دیا | وہ محمد مدینہ میں موجود ہے |
| پھول کھلتے ہیں پڑھ پڑھ کے صَلِّ عَلیٰ | جھوم کر کہہ رہی ہے یہ بادِ صبا |
| ایسی خوشبو چمن کے گُلوں میں کہاں؟ | جو نبی کے پسینے میں موجود ہے |
| جس نے لاکر کلامِ الٰہی دیا | وہ محمد مدینہ میں موجود ہے |
| چھوڑنا تیرا طیبہ گوارہ نہیں | ساری دنیا میں ایسا نظارہ نہیں |
| ایسا منظر زمانے میں دیکھا نہیں | جیسا منظر مدینہ میں موجود ہے |
| جس نے لاکر کلامِ الٰہی دیا | وہ محمد مدینہ میں موجود ہے |
| ہم نے مانا کہ جنت بہت ہے حسین | چھوڑ کر ہم مدینہ نہ جائیں کہیں |
| یوں تو جنت میں سب ہے مدینہ نہیں | اور جنت مدینہ میں موجود ہے |
| وہ ابوبکرؓ فاروقؓ عثمانؓ علیؓ | ہے یہ سب ان کے دینِ مبیں کے فقیہ |
| وہ فقیہوں کے افسر شہِ انبیا | وہ شہنشاہ مدینہ میں موجود ہے |
| ہے نظر میں جمالِ حبیبِ خدا | ان کی تصویر سینے میں موجود ہے |
| جس نے لاکر کلامِ الٰہی دیا | وہ محمد مدینہ میں موجود ہے |

# محفوظات کا آسان نصاب

## پارہ ۱۱/سے ۲۰

## جماعت نمبر: (۶)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات کا دور | نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں |
| مسنون دعائیں | مسنون کلمات |
| حدیثیں | سورتیں |
| اسمائے حسنیٰ | ترانہ |

﴿پچھلی مرتبہ یاد کی ہوئی چیزوں کے دور کے ساتھ﴾

## اسلام کے کلمات

گذشتہ کا دور۔

## نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں

**دعائے قنوت:** اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَھْدِیْکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ○ وَنُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ○ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ کُلَّہٗ○ وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ○ وَنَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ○ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ○ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ○ وَنَرْجُوْ رَحْمَتَکَ○ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ الْجِدَّ○ اِنَّ عَذَابَکَ الْجِدَّ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ○

**ترجمہ:** اے اللہ! ہم آپ سے مدد مانگتے ہیں اور آپ سے ہدایت چاہتے ہیں اور آپ سے معافی مانگتے ہیں اور آپ پر ایمان رکھتے ہیں اور آپ پر بھروسہ کرتے ہیں اور آپ کی بہت اچھی تعریف کرتے ہیں اور آپ کا شکر ادا کرتے ہیں اور آپ کی ناشکری نہیں کرتے اور دور کرتے ہیں اور چھوڑتے ہیں اس شخص کو جو آپ کی نافرمانی کرے۔

اے اللہ! ہم آپ ہی کی عبادت کرتے ہیں اور آپ ہی کے لیے نماز پڑھتے ہیں اور سجدہ کرتے ہیں اور آپ ہی کی طرف دوڑتے اور لپکتے ہیں اور آپ کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور آپ کے سخت عذاب سے ڈرتے ہیں، یقیناً آپ کا سخت عذاب کافروں کو پہنچنے والا ہے۔

## اٰیۃ الکُرسی:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ ۬ۚ لَا تَاۡخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوۡمٌ ؕ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَہٗۤ اِلَّا بِاِذۡنِہٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡہِمۡ وَمَا خَلۡفَہُمۡ ۚ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ مِّنۡ عِلۡمِہٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ کُرۡسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ وَلَا یَـُٔوۡدُہٗ حِفۡظُہُمَا ۚ وَھُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ ﴿۲۵۵﴾

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ ایسے ہیں کہ ان کے سوا کوئی عبادت کے قابل نہیں، ہمیشہ زندہ ہیں، سب کو سنبھالنے والے ہیں، ان (اللہ تعالیٰ) کو نہ اونگھ پکڑ سکتی اور نہ نیند، آسمانوں اور زمینوں میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالیٰ کی مالکی میں ہے، ایسا کون ہے جو ان (اللہ تعالیٰ) کے پاس ان (اللہ تعالیٰ) کی اجازت کے بغیر (کسی کی) سفارش کر سکے؟ وہ (اللہ تعالیٰ) ان (تمام مخلوق) کے آگے کے اور ان کے پیچھے کے حالات کو (اچھی طرح) جانتے ہیں، اور وہ سب (مخلوق) ان (اللہ تعالیٰ) کے علم کی کوئی بات (اپنے علم کے) احاطے میں نہیں لا سکتے؛ مگر (ہاں) جتنا وہ (خود اللہ تعالیٰ) چاہیں، ان (اللہ تعالیٰ) کی کرسی نے آسمانوں اور زمین کو گھیرا ہوا ہے اور ان دونوں (آسمان اور زمین) کی حفاظت کا ان (اللہ تعالیٰ) کو کوئی بوجھ نہیں ہے اور وہ (اللہ تعالیٰ) اونچے مقام والے ہیں، بڑی عظمت والے ہیں۔ (از: تیسیر القرآن)

ہر نماز کے بعد اور رات کو سوتے وقت پڑھنے کی عادت بناویں۔

## مسنون دعائیں

### ۴۵ جب صبح ہو تو پڑھیں:

اَصْبَحْنَا وَاَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. (ابوداؤد)

**ترجمہ:** ہم نے اور پورے ملک نے صبح کی اللہ تعالیٰ کے لیے جو تمام جہانوں کے پالنے والے ہیں۔

### ۴۶ جب شام ہو تو پڑھیں:

اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. (ابوداؤد)

**ترجمہ:** ہم نے اور پورے ملک نے شام کی اللہ تعالیٰ کے لیے جو تمام جہانوں کے پالنے والے ہیں۔

### ۴۷ کسی کو مصیبت میں دیکھ کر پڑھنے کی دعا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ○ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا○ (ترمذی)

**ترجمہ:** تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جنھوں نے مجھے اس مصیبت سے بچایا جس میں تو مبتلا ہے اور مجھے اپنی مخلوق میں سے بہت سارے لوگوں پر فضیلت عطا فرمائی۔

### ۴۸ دعوت کھانے کے بعد کی دوسری دعا:

أَكَلَ طَعَامَكُمُ الْأَبْرَارُ○ وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ○

وَأَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ۝ (ابوداؤد)

**ترجمہ:** تمھارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور فرشتے تم پر رحمت بھیجیں، اور روزے دار تمھارے گھر افطار کریں۔

### ۴۹ دعوت کھانے کے بعد کی تیسری دعا:

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَھُمْ فِيْمَا رَزَقْتَھُمْ وَاغْفِرْ لَھُمْ وَارْحَمْھُمْ۝ (مسلم)

**ترجمہ:** اے اللہ! ان کی روزی میں برکت عطا فرمایئے اور ان کی مغفرت فرما دیجیے اور ان پر رحم فرمایئے۔

### ۵۰ نیا پھل پاس آوے تو یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا۝ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا۝ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا۝ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا۝ (مسلم شریف)

**ترجمہ:** اے اللہ! ہمارے پھلوں میں برکت عطا فرمایئے اور ہمارے شہر میں برکت عطا فرمایئے اور ہماری ناپ تول (کر استعمال کرنے والی چیزوں) میں برکت عطا فرمایئے۔

### ۵۱ رجب اور شعبان میں یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ رَجَبَ وَشَعْبَانَ۝ وَبَلِّغْنَا رَمَضَانَ۝ (بیہقی)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ ہمارے لیے رجب اور شعبان میں برکت عطا فرمایئے اور ہم کو رمضان تک پہنچا دیجیے۔

# مسنون کلمات

| | |
|---|---|
| ۲۶ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ کا جواب<br>نماز کے لیے آؤ۔ | لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (مسلم)<br>(گناہوں سے بچنے کی) طاقت اور (نیک کام کرنے کی) قوت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے۔ |
| ۲۷ حَيَّ عَلَى الفَلاحِ کا جواب<br>کامیابی کی طرف آؤ۔ | لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (مسلم) |
| ۲۸ اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کا<br>جواب نماز نیند سے بہتر ہے | صَدَقْتَ وَ بَرَرْتَ.<br>آپ نے سچ کہا اور بھلائی کا کام کیا۔ |
| ۲۹ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ کا جواب<br>جماعت کھڑی ہوگئی۔ | اَقَامَهَا اللّٰهُ وَاَدَامَهَا. (ابوداؤد)<br>اللہ تعالیٰ اس کو قائم اور ہمیشہ رکھے۔ |
| ۳۰ کسی جگہ آگ لگی دیکھے | اللّٰهُ اَكْبَرُ. (طبرانی)<br>اللہ سب سے بڑے ہیں۔ |

## حدیثیں

| قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: | | |
|---|---|---|
| ۲۹ | اِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ اَحْسَنَكُمْ اَخْلَاقًا. (بخاری) | بے شک تم میں بہتر وہ شخص ہے جو تم میں سب سے اچھے اخلاق والا ہو۔ |
| ۳۰ | مَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ. (بخاری) | جو کسی مسلمان کا عیب چھپائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کا عیب چھپائیں گے۔ |
| ۳۱ | كَفٰى بِالْمَرْءِ كَذِبًا اَنْ يُّحَدِّثَ بِكُلِّ مَاسَمِعَ. (مسلم) | انسان کے جھوٹا ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات (دوسروں کو) بتلا دیوے۔ |
| ۳۲ | لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَّا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ. (مسلم شریف) | وہ شخص جنت میں نہیں جا سکے گا جس کا پڑوسی اس کی تکلیفوں سے بچا نہ رہے۔ |
| ۳۳ | لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ خِبٌّ وَّلَا بَخِيْلٌ وَّلَا مَنَّانٌ. (ترمذی) | دھوکہ دینے والا، بخیل اور احسان جتانے والا جنت میں نہ جا سکے گا۔ |
| ۳۴ | بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلٰوةِ. (مسلم) | نماز کو چھوڑنا بندے کو کفر سے ملاتا ہے۔ |

## سورتیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶ | سورة العاديات | ۱۸ | سورةُ البينة |
| ۱۷ | سورة الزلزال | | سورۂ فاتحہ سے سورۂ قارعہ تک کا دور |

# اسمائے حسنیٰ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اَلْمُعِيْدُ | اَلْمُحْيِيْ | اَلْمُمِيْتُ | اَلْحَیُّ | اَلْقَيُّوْمُ | اَلْوَاجِدُ |
| اَلْمَاجِدُ | اَلْوَاحِدُ | اَلْاَحَدُ | اَلصَّمَدُ | اَلْقَادِرُ | اَلْمُقْتَدِرُ |
| اَلْمُقَدِّمُ | اَلْمُؤَخِّرُ | اَلْاَوَّلُ | اَلْآخِرُ | اَلظَّاهِرُ | اَلْبَاطِنُ |
| اَلْوَالِیُ | اَلْمُتَعَالِیْ | اَلْبَرُّ | اَلتَّوَّابُ | اَلْمُنْتَقِمُ | اَلْعَفُوُّ |

| | |
|---|---|
| مَالِكُ الْمُلْكِ | ذُوْالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ |

# ترانہ

| | |
|---|---|
| سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا | ہم بُلبلیں ہیں اس کی، یہ گُلِسِتاں ہمارا |
| غربت میں ہوں اگر ہم، رہتا ہے دل وطن میں | سمجھو وہیں ہمیں بھی، دل ہو جہاں ہمارا |
| پَرْبَت وہ سب سے اونچا، ہمسایہ آسماں کا | وہ سَنْتَری ہمارا، وہ پاسباں ہمارا |
| گودی میں کھیلتی ہیں اس کی ہزاروں ندیاں | گلشن ہے جن کے دم سے رشکِ جناں ہمارا |
| اے آبِ رودِ گنگا! وہ دن ہے یاد تجھ کو؟ | اُترا ترے کنارے جب کارواں ہمارا |
| مذہب نہیں سِکھاتا آپس میں بیر رکھنا | ہندی ہیں ہم، وطن ہے ہندوستاں ہمارا |
| یونان و مصر و روما سب مٹ گئے جہاں سے | اب تک مگر ہے باقی نام و نشاں ہمارا |
| کچھ بات ہے کہ ہستی مٹتی نہیں ہماری | صدیوں رہا ہے دشمن دورِ زماں ہمارا |
| اقبالؔ! کوئی محرم اپنا نہیں جہاں میں | معلوم کیا کسی کو دردِ نہاں ہمارا |

# محفوظات کا آسان نصاب

## پارہ ۲۱/سے ۳۰

## جماعت نمبر: (۷)

| | |
|---|---|
| اسلام کے کلمات کا دور | نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں |
| مسنون دعائیں | مسنون کلمات |
| حدیثیں | سورتیں |
| اسمائے حسنیٰ | حمد |

﴿پچھلی مرتبہ یاد کی ہوئی چیزوں کے دور کے ساتھ﴾

## اسلام کے کلمات

گذشتہ کا دور۔

## نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں

**فرض نماز کے بعد پڑھنے کی دعا:**

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ○ تَبارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامْ○ (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ ہی سلامتی والے ہیں اور آپ ہی کی طرف سے سلامتی مل سکتی ہے، آپ کی ذات برکت والی ہے اے بزرگی اور عزت والے!

**فرض نماز کے بعد پڑھنے کی دوسری دعا:**

اَللّٰهُمَّ أَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ. (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اے اللہ! اپنے ذکر، شکر اور اچھے طریقے سے عبادت کرنے پر میری مدد فرمائیے۔

اور: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ○ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ○ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ○ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ○ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ○ (ابوداؤد)

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہیں، ان کا کوئی

شریک نہیں، ساری بادشاہت ان ہی کی ہے، اور ساری تعریفیں ان ہی کی ہیں اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتے ہیں، اے اللہ! آپ جس کو (نعمتیں) عطا کریں اسے کوئی روکنے والا نہیں اور آپ جس سے (اپنے انعام کو) روک لیں اس کو کوئی دینے والا نہیں اور آپ کے دربار میں کسی بھی مال دار کی مال و دولت کوئی فائدہ پہنچانے والی نہیں ہے۔

**استغفار:** اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ الَّذِیْ لَآاِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ (ترمذی)

**ترجمہ:** میں اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگتا ہوں، ان کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، وہ ہمیشہ سے زندہ اور قائم ہیں اور میں ان ہی کی طرف لوٹتا ہوں۔

**عید کے موقع پر پڑھی جانے والی تکبیرِ تشریق:**

اَللّٰہُ اَکْبَرْ اَللّٰہُ اَکْبَرْ○ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرْ○ اَللّٰہُ اَکْبَرْ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ○

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں، اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں، اللہ تعالیٰ سب سے بڑے ہیں اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں۔

## مسنون دعائیں

**۵۲ دولہا اور دلہن کو نکاح کے بعد مبارک بادی دینے کے کلمات:**

بَارَكَ اللهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ ○ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِيْ خَيْرٍ ○ (ابوداوٗد)

**ترجمہ:** اللہ تعالیٰ تمھاری شادی مبارک کرے اور تم پر برکتیں اتاریں اور بھلائی کے ساتھ تم دونوں کے درمیان محبت پیدا فرمائے۔

**۵۳ بیمار کی ملاقات کے وقت (۷ بار پڑھے):**

اَسْأَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ ○ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ اَنْ يَّشْفِيَكَ ○ (ابوداوٗد)

**ترجمہ:** میں عظمت والے اللہ سے جو بڑے عرش کے مالک ہیں تمھاری شفا کے لیے دعا کرتا ہوں۔

**۵۴ قبرستان میں داخل ہونے کی دعا:**

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ ○ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ ○ نَسْأَلُ اللهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ ○ (مسلم)

**ترجمہ:** اس جگہ کے مؤمنین اور مسلمین! تم پر سلامتی ہو، ان شاء اللہ! ہم بھی تم سے ضرور ملیں گے، ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے اور تمھارے لیے عافیت مانگتے ہیں۔

**۵۵ دشمن کے خوف و ڈر کے وقت یہ دعا پڑھے:**

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ ○ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ ○ (ابوداوٗد)

**ترجمہ:** اے اللہ! ہم آپ کو ان (دشمنوں) کے سامنے کرتے ہیں اوران کی شرارتوں سے آپ کی حفاظت چاہتے ہیں۔

جنازہ کی نماز کی دعائیں اور ترتیب:

جنازہ کی نماز میں چار تکبیریں ہیں:

(۱) پہلی تکبیر: ''اللہ اکبر'' کہتے ہوئے کانوں تک ہاتھ اٹھا کر باندھ لیں

۵۶ پھر یہ ثنا پڑھے:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ○ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ○ وَجَلَّ ثَنَاءُكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ○

**ترجمہ:** اے اللہ! ہم اس بات کا اقرار کرتے ہیں کہ آپ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے، اور ہم آپ کی تعریف بیان کرتے ہیں اور آپ کا نام بہت برکت والا ہے اور آپ کی شان اونچی ہے اور آپ کی تعریف بلند ہے اور آپ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔

(۲) دوسری تکبیر: ہاتھ اٹھائے بغیر ''اللہ اکبر'' کہے، پھر نماز والا درودِ پاک (درودِ ابراہیم) پڑھے۔

(۳) تیسری تکبیر: ہاتھ اٹھائے بغیر ''اللہ اکبر'' کہے، پھر جنازے کی دعا پڑھے۔

۵۷ بالغ مرد اور عورت کے جنازے کی دعا:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا

وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا○ اَللّٰهُمَّ مَنْ اَحْيَيْتَهٗ مِنَّا فَاَحْيِهٖ عَلَى الْاِسْلَامِ○ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَى الْاِيْمَانِ○ (بیہقی)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ معاف فرما دیجیے ہمارے زندوں اور مُردوں کو، ہمارے موجود اور غائب لوگوں کو، ہمارے چھوٹوں اور بڑوں کو، ہمارے مَردوں اور عورتوں کو، اے اللہ! آپ ہم میں سے جس کو زندہ رکھیں اس کو اسلام پر زندہ رکھیے اور جس کو ہم میں سے موت دیں اس کو ایمان پر موت عطا فرمایئے۔

**۵۸ دوسری دعا:**

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهٗ وَارْحَمْهُ○ وَعَافِهٖ وَاعْفُ عَنْهُ○ وَاَكْرِمْ نُزُلَهٗ○ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهٗ○ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ○ وَنَقِّهٖ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ○ وَاَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهٖ○ وَاَهْلًا خَيْرًا مِنْ اَهْلِهٖ○ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهٖ○ وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ○ وَاَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ○ (مسلم)

**ترجمہ:** اے اللہ! آپ اس کو معاف فرما دیجیے، اس پر رحم فرمایئے، اس کو عافیت نصیب فرمایئے، اس سے درگزر فرمایئے، اس کو عزت والا ٹھکانا دیجیے (جنت میں اس کی اچھی مہمانی کیجیے)، اس کی قبر کو چوڑی فرما دیجیے، اسے پانی، برف اور اولوں سے دھو دیجیے، اس کے گناہوں کو اس طرح صاف کر دیجیے جس طرح کہ سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے، اسے اس کے گھر کے بدلے اس سے اچھا گھر، گھر والوں سے اچھے گھر والے، اس کی

بیوی سے اچھی بیوی عطا فرمایئے ، اور اسے جنت میں داخل فرمایئے اور اسے قبر اور جہنم کے عذاب سے بچایئے۔

(۵۹) نابالغ لڑکے کے جنازے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْہُ لَنَا فَرَطًا○ وَاجْعَلْہُ لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا○ وَاجْعَلْہُ لَنَا شَافِعًا وَّمُشَفَّعًا○

**ترجمہ:** اے اللہ! اِس بچے کو (ہماری نجات کے لیے) آگے جانے والا بنایئے، اور اس (کی جدائی اور مصیبت) کو ہمارے لیے اجرو ثواب کا ذریعہ بنایئے اور اس کو ہمارے لیے شفاعت کرنے والا اور شفاعت کیا ہوا بنا دیجیے۔

(۶۰) نابالغ لڑکی کے جنازے کی دعا:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْھَا لَنَا فَرَطًا○ وَاجْعَلْھَا لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا○ وَاجْعَلْھَا لَنَا شَافِعَةً وَّمُشَفَّعَةً○

**ترجمہ:** اے اللہ! اِس بچی کو (ہماری نجات کے لیے) آگے جانے والا بنایئے اور اس (کی جدائی ومصیبت) کو ہمارے لیے اجروثواب کا ذریعہ بنایئے اور اس کو ہمارے لیے شفاعت کرنے والا اور شفاعت کیا ہوا بنا دیجیے۔

(۴) چوتھی تکبیر: ہاتھ اٹھائے بغیر "اللہ اکبر" کہے اور پھر:

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ کہتے ہوئے دائیں بائیں سلام پھیر دے۔

# مسنون کلمات

| | |
|---|---|
| ⑶١ گدھے یا کتے کی آواز سنے تو پڑھے: | اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ. (ترمذی)<br>میں اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں آتا ہوں شیطان مردود سے۔ |
| ⑶٢ جب مرغ کی آواز سنے تو کہے: | اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ. (مسلم)<br>اے اللہ! میں آپ سے آپ کا فضل مانگتا ہوں۔ |
| ⑶٣ جب کوئی ناپسند بات پیش آئے تو کہے: | قَدَّرَ اللّٰہُ وَمَاشَاءَ فَعَلَ. (مسلم)<br>اللہ تعالیٰ نے تقدیر میں ایسا ہی لکھ رکھا تھا اور جو انھوں نے چاہا کیا۔ |
| ⑶٤ جب کسی اچھی چیز کو دیکھے تو پڑھے: | اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ.<br>(ابن ماجہ)<br>سب تعریفیں اسی اللہ کے لیے ہیں جن کے انعام سے اچھے کام پورے ہوتے ہیں۔ |
| ⑶٥ جب ناپسندیدہ چیز دیکھے تو پڑھے: | اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی كُلِّ حَالٍ. (ابن ماجہ)<br>ہر حال میں اللہ کا شکر ہے۔ |
| ⑶٦ دعا مانگتے وقت زیادہ سے زیادہ پڑھیں: | یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ. [ترمذي]<br>اے عزت وجلال والے اللہ! |

| | |
|---|---|
| ۳۷ آئینہ میں دیکھے تو پڑھے: | الْحَمْدُ لِلّٰہِ، اللّٰھُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ خَلْقِيْ فَحَسِّنْ خُلُقِيْ. (مسندِ احمد)<br>تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں، اے اللہ! جیسا آپ نے مجھے اچھا بنایا ویسے ہی میرے اخلاق بھی اچھے کر دیجیے۔ |
| ۳۸ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مبارک نام آئے تو پڑھے: | صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.<br>ان پر اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور سلامتی ہوں۔ |
| ۳۹ کسی نبی یا رسول نام آئے تو پڑھے: | عَلَيْهِ السَّلَامُ.<br>ان پر سلامتی ہو۔ |
| ۴۰ صحابی کا نام آئے تو پڑھے:<br>صحابیہ کا نام آئے تو: | رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ.<br>رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا.<br>اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو۔ |

# حدیثیں

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

| | | |
|---|---|---|
| ۳۵ | مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ وَاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا. (مسلم) | جو مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت بھیجتے ہیں۔ |
| ۳۶ | مَا اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ مِنَ الْاِزَارِ فِي النَّارِ. (بخاری) | ٹخنوں کا جو حصہ پائجامہ کے نیچے (چھپا) رہے گا وہ جہنم میں داخل ہوگا۔ |
| ۳۷ | لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يَّهْجُرَ اَخَاهُ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ. (بخاری) | کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ تعلق توڑ دیوے (یعنی بات چیت اور ملنا جلنا بند کر دیوے)۔ |
| ۳۸ | لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِه. (بخاری) | کوئی بندہ اس وقت تک پورا مسلمان نہیں ہوسکتا جب تک اپنے بھائی کے لیے وہی چیز پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔ |
| ۳۹ | لِكُلِّ دِيْنٍ خُلُقٌ وَخُلُقُ الْاِسْلَامِ الْحَيَاءُ. (بیہقی) | ہر مذہب کی اپنی ایک تہذیب ہوتی ہے اور اسلام کی تہذیب شرم وحیا ہے۔ |
| ۴۰ | مَنْ كَانَ آخِرُ كَلَامِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دَخَلَ الْجَنَّةَ. (ابوداؤد) | جس شخص کا آخری کلام "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ" ہوگا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ |

## سورتیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹ | سورۃ القدر | ۲۲ | سورۃ الانشراح |
| ۲۰ | سورۃ اقرأ | ۲۳ | سورۃ الضحیٰ |
| ۲۱ | سورۃ التین | ۲۴ | سورۃ الفاتحۃ سے البینۃ تک دور |

**نوٹ:** یہ تمام سورتیں پہلے پارۂ عم میں اندر دیکھ کر پڑھائیں، اس کے بعد حفظ یاد کرائیں۔

## اسمائے حسنیٰ

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَلْمُقْسِطُ | الْجَامِعُ | الْغَنِيُّ | الْمُغْنِيُ |
| الْمَانِعُ | الضَّارُّ | النَّافِعُ | النُّوْرُ |
| الْهَادِیُ | الْبَدِيْعُ | الْبَاقِيُ | الْوَارِثُ |
| الرَّشِيْدُ | الصَّبُوْرُ | | |

## اسلامی مہینوں کے نام یہ ہیں

| | | |
|---|---|---|
| مُحَرَّمْ | صَفَرْ | رَبِيْعُ الْاَوَّلْ |
| رَبِيْعُ الآخَرْ | جُمَادَیٰ الْاُوْلٰی | جُمَادَیٰ الْاُخْرٰی |
| رَجَبْ | شَعْبَانْ | رَمَضَانْ |
| شَوَّالْ | ذُوْ الْقَعْدَةْ | ذُوْ الْحِجَّةْ |

# حمد

| | |
|---|---|
| تعریف اس خدا کی جس نے جہاں بنایا | کیسی زمیں بنائی ! کیا آسماں بنایا ! |
| پاؤں تلے بچھایا کیا خوب فرشِ خاکی! | اور سر پہ لاجوردی اک سائباں بنایا! |
| مٹی سے بیل بوٹے کیا خوش نما اگائے! | پہنا کے سبز خلعت ان کو جواں بنایا! |
| خوش رنگ اور خوشبو گل پھول ہیں کھلائے! | اس خاک کے کھنڈر کو کیا گلستاں بنایا! |
| میوے لگائے کیا کیا خوش ذائقہ رسیلے! | چکھنے سے جن کے مجھ کو شیریں دہاں بنایا |
| سورج بنا کے تو نے رونق جہاں کو بخشی | رہنے کو یہ ہمارے اچھا مکاں بنایا |
| پیاسی زمیں کے منہ میں مینہ کا چوایا پانی | اور بادلوں کو تو نے مینہ کا نشاں بنایا |
| یہ پیاری پیاری چڑیاں پھرتی ہیں جو چہکتی | قدرت نے تیری ان کو تسبیح خواں بنایا |
| تنکے اٹھا اٹھا کر لائیں کہاں کہاں سے | کس خوبصورتی سے پھر آشیاں بنایا! |
| اونچی اڑیں ہوا میں بچوں کو پر نہ بھولیں | ان بے پروں کا ان کو روزی رساں بنایا |
| کیا دودھ دینے والی گائیں بنائیں تو نے | چڑھنے کو میرے گھوڑا کیا خوش عناں بنایا |
| رحمت سے تیری کیا کیا ہیں نعمتیں میسر | ان نعمتوں کا مجھ کو ہے قدر داں بنایا |
| آبِ رواں کے اندر مچھلی بنائی تو نے | مچھلی کے تیرنے کو آبِ رواں بنایا |
| ہر چیز سے ہے تیری کاری گری ٹپکتی | یہ کارخانہ تو نے کب رائیگاں بنایا؟ |

# خاتمہ

محفوظات کے سات عناوین میں سے اسلام کے کلمات، نماز میں پڑھی جانے والی چیزیں، موقع محل کی دعائیں، اور مسنون کلمات میں کوئی بچہ کمزور نہ رہے اس کا خیال رکھیں۔

نوٹ: اسکول کی چھٹی کے دن مدرسہ کا وقت عام دنوں کے مقابلہ میں آدھا گھنٹہ بڑھا دیا جائے اور اس میں لڑکے اور لڑکیوں کو الگ کر کے چند حلقوں میں تقسیم کر کے فرض، نفل، وتر، نمازِ جنازہ، اور صلوٰۃ التسبیح وغیرہ نمازوں کی عملی مشق کرائیں۔

# اجتماعی اعمال کا نظام

صبح مدرسہ شروع ہوتے ہی آدھا گھنٹہ دو شعبوں میں اجتماعی اعمال ہوتے ہیں، اگر تمام بچوں کو ایک جگہ جمع کیا جائے، جیسے اکثر مکاتب میں ہوتا ہے تو ابتدائی بچوں کا اتنا وقت ضائع ہوگا؛ چوں کہ بہت سی باتیں ان سے متعلق نہیں ہوتی؛ اس لیے مدرسہ کے تمام طلبہ کو دو شعبوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے، پہلے شعبہ میں قاعدہ اور پارۂ عم کی جماعت کے طلبہ ہوتے ہیں، اس شعبہ میں حمد و نعت کے علاوہ سات امور ہیں اور دوسرے شعبہ میں قرآنِ پاک کے بچے جمع ہوتے ہیں، دوسرے شعبہ میں گیارہ امور ہیں اور ہر استاذ سے ایک جماعت کے طلبہ متعلق ہے، وہ نقشہ کے مطابق اس جماعت کے مطلوبہ طلبہ تیار کر کے دوسرے روز اجتماعی اعمال میں پیش کرتے ہیں، مثلاً کسی استاذ سے متعلق جماعت نمبر ۷ ہے تو بدھ کے روز تین

بچے تیار کر کے جمعرات کو پیش کرنا ہوتا ہے۔

اکثر مکاتب میں صبح صدر مدرس یا کسی ایک استاذ کی موجودگی میں تمام بچے ایک جگہ جمع ہوجاتے ہیں اور ایک بچہ کلمات اوراذ کارِ صلوٰۃ وغیرہ پڑھتا ہے اور تمام بچے پڑھتے ہیں، اکثر بچے غلط پڑھتے ہیں اور غلط الفاظ ان کو یاد ہوتے ہیں؛ اس لیے اجتماعی اعمال کا ہمارے یہاں یہ نظام بنایا گیا ہے کہ ایک بچہ پڑھے اور باقی سنیں، اس طرح کلاس کے ہر بچہ کو باری باری استعمال کیا جائے، ایک جماعت کے روزانہ دو چار بچے استعمال ہوں گے، اس طرح چند دنوں میں سب کی باری آجائے گی۔

اگر کلمات اوراذ کارِ صلوٰۃ وغیرہ میں حفظ یا صحت کے اعتبار سے عمومی کمی محسوس ہو تو چند حلقوں میں قرآن کے طلبہ کو تقسیم کر دیا جائے اور ہر حلقہ کسی استاذ سے متعلق کر دیا جائے، پھر ہر طالبِ علم پر محنت کی جائے، اس طرح پورے مدرسہ میں متفرقات کا نظام قابو میں آجائے گا۔

## اجتماعی اعمال کا نقشہ (جماعت نمبر ۱ سے ۳ تک)

| یوم | حمد و نعت | تلاوت | دعا کلمات | سنن و آداب | قواعد تجوید | سوالات | احادیث | اسمائے حسنی | تربیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | اجتماعی | ۳ | ۱ | ۳ | ۲ | ۲ | ۳ | ۳ | استاذ |
| پیر | اجتماعی | ۲ | ۳ | ۲ | ۱ | ۱ | ۳ | ۳ | استاذ |
| منگل | اجتماعی | ۳ | ۳ | ۱ | ۲ | ۳ | ۲ | ۳ | استاذ |
| بدھ | اجتماعی | ۳ | ۲ | ۱ | ۱ | ۲ | ۳ | ۳ | استاذ |
| جمعرات | اجتماعی | ۲ | ۱ | ۲ | ۳ | ۱ | ۳ | ۳ | استاذ |

## اجتماعی اعمال کا نقشہ (جماعت نمبر ۴ سے ۷ تک)

| یوم | حمد و نعت | تلاوت | دعا کلمات | وظائف نماز | سنن و آداب | احادیث | سوالات | کتابِ تعلیم | تربیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | اجتماعی | ۷ | ۴ | ۷ | ۵ | ۶ | ۵ | ۶ | استاذ |
| پیر | اجتماعی | ۶ | ۵ | ۶ | ۷ | ۴ | ۵ | ۷ | استاذ |
| منگل | اجتماعی | ۵ | ۷ | ۵ | ۶ | ۷ | ۴ | ۶ | استاذ |
| بدھ | اجتماعی | ۴ | ۵ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۵ | استاذ |
| جمعرات | اجتماعی | ۶ | ۴ | ۷ | ۶ | ۵ | ۴ | ۷ | استاذ |

# اسمائے حسنیٰ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوْ | | اَلرَّحْمٰنُ | الرَّحِيْمُ | الْمَلِكُ | الْقُدُّوْسُ |
| السَّلَامُ | الْمُؤْمِنُ | الْمُهَيْمِنُ | الْعَزِيْزُ | الْجَبَّارُ | الْمُتَكَبِّرُ |
| الْخَالِقُ | الْبَارِئُ | الْمُصَوِّرُ | الْغَفَّارُ | الْقَهَّارُ | الْوَهَّابُ |
| الرَّزَّاقُ | الْفَتَّاحُ | الْعَلِيْمُ | الْقَابِضُ | الْبَاسِطُ | الْخَافِضُ |
| الرَّافِعُ | الْمُعِزُّ | الْمُذِلُّ | السَّمِيْعُ | الْبَصِيْرُ | اَلْحَكَمُ |
| الْعَدْلُ | اللَّطِيْفُ | الْخَبِيْرُ | الْحَلِيْمُ | الْعَظِيْمُ | الْغَفُوْرُ |
| الشَّكُوْرُ | الْعَلِيُّ | الْكَبِيْرُ | الْحَفِيْظُ | الْمُقِيْتُ | الْحَسِيْبُ |
| الْجَلِيْلُ | الْكَرِيْمُ | الرَّقِيْبُ | الْمُجِيْبُ | الْوَاسِعُ | الْحَكِيْمُ |
| الْوَدُوْدُ | الْمَجِيْدُ | الْبَاعِثُ | الشَّهِيْدُ | الْحَقُّ | الْوَكِيْلُ |
| الْقَوِىُّ | الْمَتِيْنُ | الْوَلِيُّ | الْحَمِيْدُ | الْمُحْصِىْ | الْمُبْدِئُ |
| الْمُعِيْدُ | اَلْمُحْيِىْ | الْمُمِيْتُ | الْحَىُّ | الْقَيُّوْمُ | الْوَاجِدُ |
| الْمَاجِدُ | الْوَاحِدُ | الْاَحَدُ | الصَّمَدُ | الْقَادِرُ | الْمُقْتَدِرُ |
| الْمُقَدِّمُ | الْمُؤَخِّرُ | الْاَوَّلُ | الْآخِرُ | الظَّاهِرُ | الْبَاطِنُ |
| الْوَالِىْ | الْمُتَعَالِىْ | الْبَرُّ | التَّوَّابُ | الْمُنْتَقِمُ | الْعَفُوُّ |
| الرَّءُوْفُ | مَالِكُ الْمُلْكِ | ذُوْالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ | | اَلْمُقْسِطُ | الْجَامِعُ |
| الْغَنِىُّ | الْمُغْنِىْ | الْمَانِعُ | الضَّارُّ | النَّافِعُ | النُّوْرُ |
| الْهَادِىْ | الْبَدِيْعُ | الْبَاقِىْ | الْوَارِثُ | الرَّشِيْدُ | الصَّبُوْرُ |

# نمازوں کے نام اور رکعتوں کی تعداد

| نمبر | نماز | سنت مؤکدہ | سنت غیر مؤکدہ | فرض | سنت مؤکدہ | نفل | وتر | نفل | کل تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | فجر | ۲ | - | ۲ | - | - | - | - | ۴ |
| ۲ | ظہر | ۴ | - | ۴ | ۲ | ۲ | - | - | ۱۲ |
| ۳ | عصر | - | ۴ | ۴ | - | - | - | - | ۸ |
| ۴ | مغرب | - | - | ۳ | ۲ | ۲ | - | - | ۷ |
| ۵ | عشاء | - | ۴ | ۴ | ۲ | ۲ | ۳ | ۲ | ۱۷ |
| ۶ | جمعہ | ۴ | - | ۲ | ۴+۲ | ۲ | - | - | ۱۴ |

## قصدِ طیبہ

| | |
|---|---|
| وہاں جا کر کہوں گا گڑ گڑا کر | سلام اس پر جو گرتوں کو اٹھائے |
| سلام اس پر جو سوتوں کو جگائے | سلام اس پر جو روتوں کو ہنسائے |
| سلام اس پر جو اجڑوں کو بسائے | سلام اس پر جو بچھڑوں کو ملائے |
| سلام اس پر جو بھوکوں کو کھلائے | سلام اس پر جو پیاسوں کو پلائے |